DATE: ________ DAY: ________

سوال نمبر 3- اسلام کو انسانی حقوق کا علمبردار قرار دیا گیا ہے جو انسان کی عزت و وقار کو تسلیم کرتا ہے۔ اسلام کی طرف سے عطا کردہ بنیادی انسانی حقوق پر بحث کریں۔ ان حقوق کا تقابل جدید بین الاقوامی انسانی حقوق کے ساتھ کریں۔

## تعارف

اسلام انسانی حقوق پر زور دینے والا ایک ایسا مذہب ہے جو خود ان حقوق کو بھی مختلف جگہوں پر اجاگر کرتا ہے۔ اسلام کو انسانی حقوق کا علمبردار اس وجہ سے بھی قرار دیا گیا ہے کیونکہ اسلام ہمیشہ ان حقوق کی ادائیگی پر زور دیتا ہے۔ دین اسلام بچپن سے لے کر موت تک کی زندگی کے دوران انسان کے تمام تر حقوق کو محفوظ کرتا ہے اور زندگی کے ہر موقع پر ان کی وضاحت کرتا ہے۔ اس کے برعکس مغربی دنیا میں جو انسانی حقوق رائج ہیں وہ اول تو ناقص اور نامکمل ہے اور دوسرا وہ انسان کے تیار کردہ ہیں جو کہ غیر جانبدار نہیں ہو سکتے ہیں۔ اسلام اور مغربی دنیا کے انسانی حقوق کا جائزہ لینے سے معلوم ہوتا ہے کہ اسلام کے عطا کردہ حقوق زیادہ قابل تحسین و کامل ہیں۔

Scanned with CamScanner

DATE: DAY:

# انسانی حقوق کی تعریف

"انسانی حقوق وہ بنیادی اخلاقی اصول ہیں جو ہر انسان کو بغیر کسی رنگ، نسل، مذہب یا فرقہ کے تفریق کے مل جاتے۔"

(اقوام متحدہ کے چارٹر برائے انسانی حقوق کے آرٹیکل 30-1 کے مطابق)

"وہ تمام حقوق جو انسان کو پیدائش کے ساتھ ہی مل جائیں، انسانی حقوق کہلاتے ہیں۔"

(Amnesty International)

# اسلام کی طرف سے عطا کردہ بنیادی انسانی حقوق

(ا) تکریم انسانیت

اسلام کے بنیادی انسانی حقوق کا آغاز انسان کی عزت و تکریم سے ہوتا ہے۔ یہ دین جہاں انسان کی وکالت کرتا ہے وہاں کھلم کھلا اس بات کا ثبوت بھی دیتا ہے کہ

Scanned with CamScanner

DATE: DAY:

انسان ہی وہ افضل مخلوق ہے جس کی عزت و تکریم لازمی ہے۔ قرآنِ مجید فرماتا ہے:

"اور ہم نے اولادِ آدم کو عزت عطا کی"
(اسرائیل)

## (ii) آزادیِ انسان

اسلام نے انسان کو آزاد پیدا کیا ہے اور اس آزادی کو ہمیشہ مقدم رکھا ہے۔ اسلام انسان کو رنگ، نسل اور زبان کی زنجیروں سے ہمیشہ کے لئے آزاد کرتا ہے اور اس کی اس آزادی کو انسان کا حق تسلیم کرتا ہے۔ جیسا کہ حضرت عمرؓ کا قول ہے:

"تم نے لوگوں کو کب سے غلام بنا رکھا ہے حالانکہ ان کی ماؤں نے انھیں آزاد پیدا کیا ہے۔"

## (iii) حقِ حیات

حقِ حیات سے مراد انسان کو اپنی زندگی بغیر کسی خوف و خطر کے گزارنے کا حق ہے۔ کسی انسان کو یہ حق حاصل نہیں کہ دوسرے انسان کو قتل کرے یا اس کو نقصان پہنچائے۔ اسی وجہ سے حدیث میں آیا ہے کہ

Scanned with CamScanner

DATE: ________ DAY: ________

"مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور
ہاتھ سے دوسرے محفوظ رہیں۔"

(۱۱) مساوات

اسلام بارہا اس بات پر زور دیتا ہے کہ تمام انسان حضرت آدمؑ کی اولاد ہیں اور کوئی بھی انسان حقوق میں دوسرے سے برتر نہیں ہے۔ تمام انسان اور ان کے حقوق برابر ہیں۔ اللہ قرآن مجید اس حوالے سے فرماتا ہے:

"اے لوگو! ہم نے تم کو ایک مرد و عورت سے پیدا کیا اور ہم نے تمہارے طبقات و قبیلے بنا دیئے تاکہ ایک دوسرے کو پہچان سکو۔"

(الحجرات : 13)

(۷) مذہبی آزادی

اسلام باوجود اس کے کہ دین اسلام ایک کامل مذہب ہے، کسی انسان کو مجبور نہیں کرتا کہ اس کا انتخاب کرے اور نہ کسی دوسرے مذہب والوں کو یہ حق دیتا ہے کہ مسلمانوں پر زور و زبردستی کرے۔ انسان کو مکمل مذہبی آزادی ہے کہ وہ اس مذہب کا

DATE: DAY:

انتخاب کر سکتا ہے جو اس کو پسند ہو جیسا
کہ قرآن فرماتا ہے کہ:
"دین میں کوئی زبردستی نہیں۔"
(البقرہ: 256)

## vi) تعلیم کا حق

دین اسلام علم کے حصول پر بہت زور
دیتا ہے اور اس کو انسان کا بنیادی حق
تسلیم کرتا ہے۔ تعلیم کی اہمیت بار بار اجاگر کرتا
ہے اور اس کو عام کرنے کی تلقین بھی کرتا ہے
قرآن مجید میں ہے کہ:
"کہو کیا علم والے اور بغیر علم والے برابر
ہو سکتے ہیں۔"
(الزمر: 9)

## vii) جائیداد رکھنے کا حق

بنیادی انسانی حقوق میں انسان کا ایک
یہ حق بھی ہے کہ وہ مال و جائیداد کا مالک ہو
سکتا ہے۔ اس کو یہ حق دیا گیا ہے کہ وہ اپنی
محنت سے اور حلال طریقے سے مال و زر کا
حقوق یقینی بنائے اور اس دولت سے وہ
اپنی اور دوسروں کی زندگی کو سنوارنے کی
کوشش کریں۔ حدیث میں ہے کہ:

Scanned with CamScanner

DATE:

DAY:

"محنت سے حاصل کیا گیا مال بہترین کمائی ہے۔"

# اسلامی اور جدید بین الاقوامی انسانی حقوق کا تقابل

| | اسلامی حقوق | بین الاقوامی حقوق |
|---|---|---|
| ① | انسان کو تحفتاً ملے ہیں۔ | انسان کو صدیوں کی جدوجہد کے بعد ملے ہیں |
| ② | قرآن مجید کی صورت میں اپنی اصلی حالت میں موجود ہیں | مختلف اسناد کی صورت میں پائے جاتے ہیں جن میں شکوک و شبہات پائے جاتے ہیں۔ |
| ③ | کامل حالت میں پائے جاتے ہیں۔ | ناقص حالت میں موجود ہیں |
| ④ | ہر انسان اور قوم قبیلے کے لئے یکساں ہیں۔ | یکسانیت بمشکل پائی جاتی ہے قوم و قبیلے کے مطابق تبدیل بھی ہوتے رہتے ہیں۔ |

DATE:________ DAY:________

# خلاصہ بحث

اسلام میں بنیادی انسانی حقوق بہت واضح ہیں۔ اسلام انسان کو وہ تمام حقوق عطا کرتا ہے جو انسان کی ایک اچھی اور رضا خداوندی کے ساتھ زندگی گزارنے کے لئے ضروری ہیں۔ یہ بنیادی حقوق زندگی سے لے کر موت تک تمام اصولوں کو اجاگر کرتے ہیں۔ اس کے ساتھ بین الاقوامی انسانی حقوق کا بھی ایک ڈھانچہ موجود ہے جو دنیا کے بیشتر ممالک میں اپنایا گیا ہے۔ مگر ان دونوں کا جائزہ لینے سے معلوم ہوتا ہے کہ اسلامی انسانی حقوق زیادہ منفرد اور کامل ہیں

Scanned with CamScanner